27دسمبر2019ء

حکومتی وصولیوں/ڈیوٹیوں/ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کے لیے برانچیں31 دسمبر 2019ء کو کھلی رہیں گی

حکومتی وصولیوں/ڈیوٹیوں/ ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) کی مجاز برانچوں کے ساتھ ساتھ ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (ایس بی پی-بی ایس سی) کے فیلڈ دفاتر31 دسمبر2019ء(منگل) کو رات 9 بجے تک کھلے رہیں گے۔

نیشنل بینک آف پاکستان کی برانچیں اسی دن یعنی 31 دسمبر 2019ء کو متعلقہ ایس بی پی بی ایس سی فیلڈ دفاتر کے ساتھ اپنی ٹرانزیکشنز کا تصفیہ کریں گی، جس کے لیے نفٹ(NIFT) نے شام 7 بجے ایک خصوصی کلیئرنگ کا اہتمام کیا ہے۔

لہٰذا تمام بینکوں کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ31 دسمبر2019ء(منگل) کو اپنی متعلقہ شاخیں سرکاری ٹرانزیکشنز کے لیے خصوصی کلیئرنگ مکمل ہونے تک کھلی رکھیں۔

****